الجامعة البنورية العالمية

متصل سائٹ تھانہ - پی او بکس نمبر ١٠٦٩٨ کراچی پاکستان

دار الافتاء والقضاء

ای میل: darulifta@gmail.com ویب سائٹ: www.jamiabinoria.net فون: 2560300-2560400 فیکس: 2564586

Name :> **muhammed waseem**
Address :> **g28 malilr city karachi**
Subject :> **BUSINESS**
Writer :> عبدالرزاق

Serial No :> **9994**
Fatwa No :>
Date :> **10/16/2010**
Email :>

asalam wailekum: janab muhtaram mufti sahab mera sawal yeh k mera chota bhai mukhtalif mumalik se import kiye hoi puraney khilono ka karaobar karna chtha hai jis mein kuch aise khiloney bhi hotey hai jo insan ki tarah baney hotye hai aur kuch janwar ki ashkal ke hotey hai.tu kia in ka karaobar karna jaiz hai ya nahi aur purana saman jaha se kharedety hain on ki shart hoti hai k aap pori lot lo ge jis mein yeh chezein bhi shamil hoti hai barai mehrbani yeh btain k aisi sorat mein in se kesey bacha jai kia aur on khilonoo ko jo jaiz nahi aur majboran mix lot mein arahe hai on ka kia kia jai kia onhe jis rate per kharida hai osi rate per wapis kesi aur ko bech dia jai

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ: جناب محترم مفتی صاحب:

میرا سوال یہ ہے کہ میرا چھوٹا بھائی مختلف ممالک سے امپورٹ کئے ہوئے پرانے کھلونوں کا کاروبار کرنا چاہتا ہے جس میں کچھ ایسے کھلونے بھی ہوتے ہیں جو انسان کی طرح بنے ہوئے ہوتے ہیں اور کچھ جانور کی شکل کے ہوتے ہیں تو کیا ان کا کاروبار کرنا جائز ہے یا نہیں؟ اور پرانا سامان جہاں سے خریدتے ہیں ان کی شرط ہوتی ہے کہ آپ پوری لاٹ لو گے جس میں یہ چیزیں شامل ہوتی ہیں برائے مہربانی یہ بتائیے کہ ایسی صورت میں اس سے کیسے بچ جائے اور کیا ان کھلونوں کو جو کہ جائز نہیں اور مجبوراً مکس لاٹ میں آرہے ہیں ان کا کیا کیا جائے؟ کیا انہیں جس ریٹ پر خریدا ہے اسی ریٹ پر واپس کسی اور کو بیچ دیا جائے؟ -

الجواب حامداً ومصلیاً

جی ہاں اگر اس قسم (کی شکل) کے کھلونے بھی لاٹ میں آجاتے ہوں تو اگرچہ اس لاٹ کے خریدنے اور بیچنے کی بھی گنجائش ہے اور اس سے حاصل ہونے والی آمدنی اپنے استعمال میں بھی لاسکتے ہیں مگر بہتر یہ ہے کہ جو کھلونے بالکل واضح کسی جاندار کی شکل میں ہوں کسی غیر مسلم پر فروخت کر دیئے جائیں یا انہیں ضائع کر دیا جائے۔

کما فی الدر: وفی آخر حظر المجتبی

عن ابي يوسف رح يجوز بيع اللعبة
وأن يلعب بها الصبيان الخ (ص ۲۲٦ ج ۵) -

والله اعلم بالصواب

عبد الرزاق عفي عنه
دار الافتاء جامعة بنوريه عالميه كراچی ۱۶/
۹ رجب المرجب ۱۴۳۲ھ

الجواب صحيح
بندہ نادر جان عفا الله عنه
دار الافتاء جامعه بنوريه كراچی
۱۸ رجب المرجب ۱۴۳۲ھ

الجواب صحيح
بندہ سیف الله ...
دار الافتاء جامعه بنوريه كراچی
۱۹ رجب المرجب ۱۴۳۲ھ

نائب رئيس
دار الافتاء جامعه بنوريه العالميه

الجواب صحيح
عبد الله ...
دار الافتاء جامعه بنوريه ...
۲۰ رجب ۱۴۳۲ھ

رئيس
دار الافتاء جامعه بنوريه العالميه

دار الافتاء
۹۹۹۲
۱۴۳۲/۷/۲۶ھ
جامعه بنوريه العالميه ... كراچی پاکستان

28/6/11